**واردات زنداں** | مصنف وناشر ابو کامران احمد ایم اے بھوپال والا - تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ -

کتابت طباعت گوارا - سفید کاغذ - صفحات ۱۰۸ - قیمت ۲/۵۰ روپے

یہ کتابچہ دراصل ایک " رودادِ اسیری " پر مشتمل ہے جس میں ہمارے دوست چودھری نذیر احمد صاحب نے جیل کی زندگی کے بعض پوشیدہ مگر دلچسپ گوشے بے نقاب کیے ہیں - موصوف کو جماعت اسلامی پاکستان کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے ایک رکن کی حیثیت سے ۶ جنوری ۱۹۶۴ء کو قانونِ تحفظ امنِ عامہ کے تحت دو ماہ کے لیے گرفتار کیا گیا تھا مگر بعد ازاں نظر بندی کی میعاد میں بار بار اضافہ کیا جاتا رہا - زیرِ نظر کتابچہ اِسی عہدِ اسیری کے تاثرات کا عکاس ہے شستہ و شگفتہ اردو میں چودھری صاحب کے قلم نے بعض معمولی واقعات سے اچھوتے نتائج اخذ کیے ہیں - ہم تحریکِ اسلامی کے سرگرم کارکنوں سے واردات زنداں کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں

---

**توشۂ آخرت حصہ دوم** | مؤلف وناشر محمد عبدالحمید صدیقی ایڈوکیٹ - خالد بن ولید روڈ کراچی ۲۹ -

کتابت طباعت گوارا - سفید کاغذ - بڑے سائز کے ۴۱۳ صفحات - قیمت -/۱۰ روپے

زیرِ تبصرہ کتاب بنیادی طور پر قرآنِ حکیم کا اشاریہ ہے جس میں دنیوی معاملات سے متعلق احکام قرآنی کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے - اگرچہ تمام آیات کا استحصاء نہیں کیا گیا - مرتب کا عزم یہ ہے کہ قرآنِ پاک کے جملہ مضامین کی تدوین اسی طرح کی جائے گی - پہلا حصہ جو احکامِ عبادات پر مشتمل ہے --- اس کی طباعت کی نوبت ابھی نہیں آئی -

اردو دان طبقہ تک قرآنِ پاک کی تعلیمات پہنچانے کے لیے محترم مولف نے ہر موضوع کے تحت درج کردہ آیات کا ترجمہ و تفسیر بھی دے دیا ہے - ترجمہ و تفسیر کے لیے عموماً تفسیر ماجدی پر انحصار کیا گیا ہے -

مؤلف نے خدمتِ دین و ملت کے جس جذبہ سے یہ کتاب تالیف کی ہے وہ بہت کچھ قابلِ قدر ہے - جدید علوم سے بہرہ ور مگر قرآنِ حکیم کی تعلیمات سے نابلد لوگوں کے لیے اِس کتاب کا مطالعہ مفید رہے گا -

---

**عشرہ مبشرہ** | تالیف - قاضی حبیب الرحمٰن صاحب - شائع کردہ مکتبہ نذیریہ الپتگین سٹریٹ، اچھرہ، لاہور

زیرِ تبصرہ کتاب اُن مقدس ہستیوں کے حالاتِ زندگی پر مشتمل ہے جنہیں حضورؐ سرورِ کائنات کی بارگاہ اقدس میں رہنے کا موقع ملا اور جنہیں حضورؐ نے اُن کی زندگیوں میں جنت کی بشارت دی - اس